رچرڈ کولبرن اپنی ایک بڑی ٹیم کے ہمراہ حضرت مہتمم صاحب مدظلہ سے موجودہ ملکی اور بین الاقوامی نازک صورتحال پر تفصیلی انٹرویو لینے کے لئے تشریف لائے۔ انٹرویو میں مہتمم صاحب مدظلہ نے انہیں تفصیل سے موجودہ حالات سے آگاہ کیا۔ یہ انٹرویو بی بی سی ورلڈ نیوز سروس نے گزشتہ دنوں دنیا بھر میں دکھایا۔

وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے امتحانی کمیٹی کا اجلاس:

وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے امتحانی کمیٹی کا اجلاس مرکزی دفتر ملتان میں ۲ جولائی ۲۰۰۹ء کو حضرت مولانا انوار الحق حقانی نائب صدر وفاق کی صدارت میں منعقد ہوا۔ جس میں ۱۸/ جولائی سے تمام پاکستان میں بیک وقت شروع ہونے والے سالانہ امتحان کے بارہ میں اہم امور پر غور اور فیصلے کئے جن میں بعض ضروری امور

(۱) سوات، مالاکنڈ، بونیر، دیر، باجوڑ، ہنگو اور دونوں وزیرستان میں آپریشن سے متاثرہ امتحانی مراکز میں درپیش مشکلات پر طویل بحث کے بعد فیصلے کئے گئے۔ متبادل مراکز کے بارہ میں تجاویز کا اعلان عنقریب ملکی اخبارات اور مرکزی دفتر وفاق سے جاری کردیئے جائیں گے۔ (۲) پرچہ جات کا معائنہ جدید ممتحنین کا تقرر اور سابقہ پر نظر ثانی (۳) امتحانات ۱۴۳۰ھ کے انتظامات کا جائزہ (۴) دوران جانچ پڑتال امتحانی کمیٹی کے اراکین کے اوقات کی تقسیم (۵) ممتحنین اور نگران عملہ کے لئے حق الخدمت کے لئے مجلس عاملہ کے اجلاس کی روشنی میں غور وفکر اور دیگر امور پر کافی بحث ہوئی۔

متاثرین کے احوال نائب صدر حضرت مولانا انوار الحق حقانی اور ناظم وفاق حضرت مولانا مفتی کفایت اللہ صاحب نے بیان کئے۔ امسال مجموعی طور پر سالانہ امتحان میں دولاکھ دو ہزار طلباء، جن میں ۵۶۰۰۰ طلباء وطالبات درجہ حفظ اور ایک لاکھ چھیالیس ہزار طلباء وطالبات، دینی وعصری علوم کے درجات کتب کے امتحان میں شرکت کر رہے ہیں۔ رول نمبر سلپ بھجوائے گئے ہیں۔ امتحانی سنٹر سے متعلقہ فائل وضروری ہدایات ہر نگران اعلیٰ کو ارسال کردیئے گئے۔ بحمدللہ حسب سابق امسال بھی دورۂ حدیث شریف یعنی عالیہ میں جامعہ دارالعلوم حقانیہ کے طلباء کی تعداد دیگر جامعات کے نسبت سے سب سے زیادہ ہے۔ موسم کی خرابی کی وجہ سے امیر محترم شیخ الشیوخ حضرت مولانا سلیم اللہ خان مدظلہ اجلاس کے اختتام پر دفتر پہونچے۔ تمام فیصلے ان کو پیش کر کے ان کی بعض اہم تجاویز شامل کرنے اور دعوات سے اجلاس اختتام پذیر ہوا۔

جناب نثار محمد ناظم الحق کا عمرہ: دارالعلوم کے ناظم الحق نثار محمد اپنی اہلیہ سمیت ۱۵ جون کو عمرہ کی ادائیگی کے لئے حرمین شریفین گئے۔ عمرہ اور زیارات مقدسہ کے بعد گزشتہ دنوں ۳۰ جون کو بخیر وعافیت واپسی ہوئی۔

خانوادہ حقانی کو صدمہ: شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحق ؒ کے بہنوئی اور چچازاد بھائی جناب خلیل الرحمن